کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ

نیلام عام

ہر خاص وعام خصوصاً پھل وباغ کا کام کرنے والے حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ پھل امرود، لیموں اور جامن کے (Fruits Plucking Rights) نزد کینٹ بورڈ قبرستان عرصہ تین سال کے لئے مورخہ 02 جولائی، 2024 کو بوقت 11:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں نیلام عام کرے گا مذکورہ بولی نہ ہونے کی صورت میں بولی دوبارہ مورخہ 03 جولائی سہ بارہ مورخہ 04 جولائی، 2024 کو بوقت 11:00 بجے ہوگی۔

شرائط حسب ذیل ہیں :

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل مبلغ -/100,000 روپے بنک پے آرڈر ہمراہ مصدقہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کروانا ہوگا۔

2۔ بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ باقی ماندہ افراد کو زربیعانہ موقع پر واپس کر دیا جائے گا۔

3۔ بولی کے اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 4/1 حصہ بطور سیکیورٹی موقع پر جمع کروانا ہوگا جو کہ تااختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی جمع رہے گا۔ جو کہ ٹھیکہ کی معیاد ختم ہونے کے دوماہ بعد واپس کیا جائے گا۔

4۔ دوسرے سال پہلے سال کے پٹے کی کل رقم پر 10٪ اور تیسرے سال بھی کل رقم پر 10٪ سالانہ اضافہ ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ منظوری کے فوراً بعد قبضہ لینے سے پہلے مذکورہ ٹھیکہ کا ایک سال کا ایڈوانس ٹھیکہ اور باقی دو سال کے ایڈوانس چیک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ ناکامی پر کنٹونمنٹ بورڈ 7 یوم کا نوٹس دیکر کامیاب بولی دہندہ کا 4/1 حصہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ ضبط کرلے گا اور مذکورہ ٹھیکہ کی دوبارہ بولی کرائی جائے گی

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو مذکورہ ٹھیکہ قبضہ مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔

7۔ منظوری کے بعد قبضہ نہ لینے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا جمع شدہ 4/1 حصہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی ضبط کر لیا جائے گا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی درخت کو نقصان نہ پہنچائے گا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ پودوں / پھلوں کی حفاظت کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

10۔ مذکورہ بالا باغات کو 15 دن کے وقفہ سے نہری پانی مہیا کیا جائے گا۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ پودوں کو سپرے وغیرہ اپنے ہی خرچہ پر کرے گا اور پھل دار پودوں کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

12۔ پھل دار پودے امرود 65 عدد، لیموں 25 عدد اور جامن 78 عدد ہیں۔ جو دفتری اوقات کار میں کسی بھی وقت ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق انکم ٹیکس ہر سال ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔

14۔ زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ کسی ایک یا تمام بولیوں کو وجہ بتا کر (قبل از منظوری) PPRA قوانین کے تحت مسترد کر دے۔

15۔ کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق ہو گا کہ ٹھیکہ دار نیلامی شرائط / ایگریمنٹ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرے گا تو کنٹونمنٹ بورڈ بلا معاوضہ پھل دار پودوں پر قبضہ کر لے گا اور ایگریمنٹ ختم کر دے گا۔

16۔ مذکورہ نیلامی پر PPRA Rules لاگو ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

اوکاڑہ چھاؤنی۔